سوال

جمعہ کا نام جمعہ کیوں رکھا گیا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جمعہ کا نام جمعہ کیوں رکھا گیا۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

امام ابن کثیر رحمہ اللہ سورہ جمعہ کی آیت جمعہ کی تفسیر میں لکھتے ہیں :

(إنما سميت الجمعة جمعة لأنها مشتقة من الجمع، فإن أهل الاسلام يجتمعون فيه في كل أسبوع مرة بالمعابد الكبار... وقد أمر الله المؤمنين بالاجتماع لعبادته)

''جمعہ کا نام اس لئے جمعہ رکھا گیا ہے کیونکہ یہ جمع سے مشتق ہے ، یہ اس لئے کہ اس میں مسلمان ہفتہ میں ایک مرتبہ بڑی مسجدوں میں جمع ہوتے ہیں اور اللہ تعالی نے مومنوں کو عبادت غرض سے جمع ہونے کا حکم دیا ہے''

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی